صدارتی کوئز کے جوابات

رچا ورما

اسپین کے نومبر/دسمبر ۲۰۰۸ کے شمارہ سے۔

۱۔ اس شخص کا نام بتایئے جو کسی قومی الیکشن میں کامیابی کے بغیر ہی نائب صدر اور صدر بن گئے؟

جیرالڈ آر. فورڈ، جو کہ ایوان نمائندگان کے رکن تھے۔ ۱۹۷۳ میں ٹیکس چوری کے الزام پر اسپائرو ایگنیو کے استعفیٰ کے بعد صدر رچرڈ نکسن نے انہیں نائب صدر مقرر کیا۔ اس کے ایک برس گزرنے سے پہلے ہی فورڈ، نکسن کے جانشین ہوئے اور امریکہ کے ایسے واحد صدر بنے جو اس قومی عہدے کیلئے منتخب ہو کر نہیں آئے تھے۔ نکسن نے واٹر گیٹ اسکینڈل کے پیش نظر مواخذہ سے بچنے کیلئے استعفیٰ دیا تھا۔

۲۔ لٹھوں سے بنے گھر میں پیدا ہونے والے آخری صدر کون تھے؟

جیمز اے. گارفیلڈ، جو کہ کسان کے بیٹے تھے، لکڑی کے مکان میں پیدا ہونے والے آخری امریکی صدر تھے۔ ان کی پیدائش اوہیو کی کویا ہوگا کاؤنٹی میں ہوئی تھی۔ وہ انتہائی غریبی سے اٹھے اور ۵۰ سال کی عمر میں ۱۸۸۱ میں صدر امریکہ بنے۔ صدر بننے کے ۴ مہینے کے اندر ایک حملہ آور نے ان کو گولی ماردی۔ کئی ہفتہ وہ وہائٹ ہاؤس میں پڑے رہے۔ ٹیلی فون کے موجد الیگزنڈر گراہم بل نے بجلی کے ایک آلے 'انڈکشن بیلنس' کی مدد سے ان کے جسم میں گولی تلاش کرنے کی کوشش کی مگر ناکام ہوئے، گارفیلڈ گولی لگنے کی وجہ سے انفکشن اور داخلی جریان خون کی وجہ سے دم توڑ گئے۔

۳۔ اس عمارت میں جو بعد میں وہائٹ ہاؤس کہلائی' رہائش پذیر ہونے والے پہلے صدر کون تھے؟

وہائٹ ہاؤس کے پہلے مکین' دوسرے صدر جان ایڈمس اور ان کی اہلیہ ابی گیل تھے۔ یہ ۱۸۰۰ کی بات ہے۔ یہ لوگ جب اس مکان میں رہنے کیلئے گئے تھے اس وقت دیواروں کا پینٹ خشک بھی نہیں ہوا تھا۔ ۱۷۹۰ میں صدر جارج واشنگٹن نے امریکی کانگریس کے ایک قانون پر دستخط کئے تھے جس میں یہ اعلان کیا گیا تھا کہ وفاقی حکومت کا قیام ایک ایسے ضلع میں ہوگا جو کہ دریائے پوٹومیک کے کنارے واقع ہو اور ۱۰ مربع میل سے زیادہ بڑا نہ ہو۔ اگرچہ جارج واشنگٹن نے اس عمارت کی تعمیر کی نگرانی کی مگر وہ اس میں سکونت اختیار نہیں کر سکے۔

۴۔ سب سے کم مدت کے لیے کون صدر رہے اور دوران صدارت وفات پانے والے پہلے صدر تھے؟

صدر ولیم ہنری ہیریسن کے سلسلہ میں دو باتیں اہم ہیں۔ ایک تو یہ کہ انہوں نے سب سے طویل افتتاحی تقریر کی۔ یہ تقریر ۱۸۴۴۵ الفاظ پر مشتمل تھی اور دوسرے یہ کہ وہ عہدہ صدارت پر سب سے کم وقت تک رہے۔ ۱۸۴۱ کے ایک انتہائی سرد دن میں، جب پانی برس رہا تھا، انہوں نے حلف لیا۔ ان کی تقریر ایک گھنٹے چالیس منٹ کی تھی۔ وہ کیپٹل بلڈنگ سے ہیٹ یا اوورکوٹ پہنے بغیر آئے اور اسی حال میں واپس گئے۔ ایک مہینے بعد نمونیہ کی وجہ سے ان کی موت واقع ہوگئی۔

۵۔ کس صدر نے وہائٹ ہاؤس میں پہلا ٹیلیفون لگوایا؟

اگرچہ صدر روتھر فورڈ بی ہیز کو شائد ہی کوئی فون آیا ہو لیکن ۱۸۷۷ میں انہوں نے پہلا فون وہائٹ ہاؤس میں لگوایا تھا۔ ان کا ٹیلی فون نمبر ۱ تھا۔ ۵۰ سال بعد صدر ہربرٹ ہوور نے اوول آفس میں صدر کی میز پر پہلی ٹیلی فون لائن لی۔

۶۔ کس صدر نے وہائٹ ہاؤس میں پہلی بار بجلی کی بتیاں لگوائیں؟

صدر بنجامن ہیریسن کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ انہوں نے ۱۸۹۱ میں وہائٹ ہاؤس میں بجلی کی بتیاں لگوائیں۔ ایک بار انہیں بجلی کا جھٹکا لگا اس کے بعد ان کے خاندان کے لوگوں نے بجلی کی سوئچوں کو ہاتھ لگانا چھوڑ دیا۔ یہ کام نوکروں کو دے دیا گیا۔ بعض اوقات یہ بھی ہوتا تھا کہ وہ لوگ بتیاں بجھائے بغیر سونے چلے جاتے تھے۔

۷۔ کس صدر نے وہائٹ ہاؤس کے قافلے بگھیوں اور گاڑیوں کے بجائے کار میں چلنے کا سلسلہ شروع کیا؟

صدر ولیم ایچ ٹفٹ 'حلف برداری کی تقریب میں ایک یکے پر سوار ہو کر آئے تھے جسے گھوڑا کھینچ رہا تھا، لیکن انہوں نے وہائٹ ہاؤس کے اصطبل کو گیرج میں تبدیل کیا۔ اس میں چار کاریں کھڑی کیں۔ تمام کاریں ۱۹۰۹ میں آئیں۔ اس کے علاوہ ان کی اہلیہ ہیلن وہ پہلی خاتون اول تھیں جنہوں نے افتتاحی پریڈ میں کیپٹل بلڈنگ سے وہائٹ ہاؤس تک ان کے ساتھ سفر کیا۔ ٹفٹ واحد شخص ہیں جن کو امریکہ کے چیف جسٹس اور صدر دونوں عہدوں پر جلوہ افروز ہونے کا موقعہ ملا۔

۸۔ وہ کون سے صدر تھے جو وہائٹ ہاؤس کے غسل خانے کے ٹب میں پھنس گئے تھے اور وہ تاریخ میں امریکہ کے سب سے زیادہ بھاری بھرکم صدر ہوئے ہیں؟

صدر ولیم ایچ ٹفٹ، جنہوں نے ۱۹۰۹ میں صدر کا عہدہ سنبھالا۔ ان کا وزن ۱۳۶ کلو تھا۔ وہ آج تک امریکہ کے سب سے بھاری صدر سمجھے جاتے ہیں۔ ایک بار وہ وہائٹ ہاؤس کے باتھ ٹب میں پھنس گئے تھے۔ اس کے بعد انہوں نے باتھ ٹب بدلوا دیا۔ اتنا بڑا باتھ ٹب لگوایا جس میں ۴ آدمی نہا سکتے تھے۔

۹۔ وہ کون سے پہلے صدر تھے، جنھوں نے وہائٹ ہاؤس گراؤنڈ میں آنے جانے کے لیے ہیلی کاپٹروں کا استعمال شروع کیا؟

صدر ڈوائٹ ڈی. آئزن ہاور نے صدارتی ہیلی کاپٹر کے سفر کا آغاز کیا۔ پہلی بار وہ رہوڈ آئی لینڈ کے نیو پورٹ میں واقع اپنے تعطیلاتی گھر سے ستمبر ۱۹۵۷ میں بحریہ کے ہوائی اڈے کون سیٹ پوائنٹ تک بذریعہ ہیلی کاپٹر آئے۔ وہ اکثر پنسلوانیا میں واقع اپنے گیٹس برگ فارم تک ہیلی کاپٹر سے ہی جاتے اور اسی سے واپس آتے تھے۔

۱۰۔ امریکی صدور میں کون سا پہلا نام سب سے زیادہ مشترک ہے؟

جیمز نام کے چھ امریکی صدر گزرے ہیں: میڈیسن، مون رو، پولک، بیوکانن، گارفیلڈ اور کارٹر۔ دوسرا زیادہ مشترک پہلا نام جان ہے۔ اس نام کے صدور: ایڈمس، کوئنسی ایڈمس، ٹائلر اور کینیڈی ہیں۔ اس کے بعد ولیم کا درجہ آتا ہے جس نام کے صدور: ہنری ہیریسن، میک کنلے، ٹفٹ اور کلنٹن ہیں۔

۱۱۔ کون سے امریکی صدر سب سے لمبے اور پیٹنٹ رکھنے والے واحد صدر تھے؟

ابراہیم لنکن سب سے زیادہ قد آور امریکی صدر تھے۔ ان کا قد ۶ فٹ ۴ انچ تھا۔ وہ پیٹنٹ کے مالک واحد صدر بھی تھے۔ ۱۸۴۹ میں وہ "پانی کے اندر بنی ہوئی ریت کی پٹی پر جہاز رانی کے لئے ایک آلہ" کا پیٹنٹ حاصل کر چکے تھے۔ یہ آلہ کیا ہے۔ پانی کی سطح سے ٹھیک نیچے کسی جہاز کے ڈھانچہ سے جڑی ہوئی دھونکنیوں کا ایک سیٹ ہے۔ اتھلی جگہ پر پہنچنے کے بعد ان دھونکنیوں کے اندر ہوا بھر جاتی ہے اس طرح جہاز تہہ میں پھنسنے سے بچ جاتا ہے اور اتھلے پانی میں بھی آسانی سے تیر سکتا ہے۔ یہ پیٹنٹ کبھی بازار میں نہیں لایا گیا لیکن اسے اسمتھ سونین انسٹی ٹیوشن کے امریکی تاریخ کے قومی میوزیم میں نمائش کیلئے رکھا گیا ہے۔

۱۲۔ کون سے صدر وہائٹ ہاؤس کو خیر باد کہنے کے بعد ایوان نمائندگان کے لئے منتخب ہوئے؟

۱۷۸۹ کے بعد سے اب تک ۱۹ صدور اور بڑی پارٹیوں کے ۳۳ صدارتی امیدواروں نے اپنی عملی زندگی کے کسی نہ کسی حصے میں امریکہ کے ایوان نمائندگان میں رہ کر بھی قوم کی خدمت کی ہے۔ لیکن صرف ایک صدر جان کوئنسی ایڈمس ہیں جو کہ وہائٹ ہاؤس میں خدمات کی انجام دہی کے بعد ایوان نمائندگان کیلئے منتخب ہوئے۔ یہ واقعہ ۱۸۳۰ کا ہے۔

۱۳۔ وہ کون سے پہلے صدر تھے جو پہلی بار ٹی وی پر نظر آئے؟

فرینکلن ڈی روز ویلٹ ٹی وی پر آنے والے پہلے صدر ہیں۔ ۱۹۳۹ میں انہوں نے نیویارک سٹی سے ٹی وی پر عالمی میلے کو خطاب کیا۔ انہیں بہت کم لوگوں نے ٹی وی پر دیکھا۔ البتہ ۱۹۴۷ میں صدر ہیری ٹرومین نے وہائٹ ہاؤس سے ٹیلی کاسٹ کا آغاز کیا۔ اپنے پہلے خطاب میں انہوں نے امریکی باشندوں سے اپیل کی کہ وہ فاقہ کشی سے دور چار یورپی باشندوں کی مدد کرنے کیلئے اپنے یہاں اناج کے استعمال میں کٹوتی کریں۔ اس وقت یوروپ دوسری عالمی جنگ اور قحط کی مار جھیل کر سنبھالا لے رہا تھا۔

۱۴۔ کس صدر نے پہلی بار ای میل استعمال کیا؟

یوں تو ۱۹۸۰ کے دہائی سے ہی وہائٹ ہاؤس میں پرسنل کمپیوٹر نظر آنے لگے تھے۔ اور ۱۹۹۲ میں صدر جارج ایچ. ڈبلیو. بش کی میعاد کے خاتمے کے آخری دنوں میں پہلی بار ای میل کو بھی رواج ملا تھا لیکن وہائٹ ہاؤس کا پہلا ویب سائٹ بل کلنٹن انتظامیہ کے دوران ۱۹۹۴ میں تیار کیا گیا۔ عام طور پر امریکہ کے کسی صدر کو یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ای میل کا استعمال نہ کریں کیوں کہ اس میں سلامتی خطرات ہیں اور یہ اندیشہ بھی رہتا ہے کہ یہ پیغام کسی اور کے ہتھے چڑھ جائے گا۔

۱۵۔ کس صدر کی پریس کانفرنس پہلی بار سارے امریکہ میں ٹیلی ویژن پر نشر کی گئی؟

غلطیاں کرنے اور قابل اعتراضات بیانات کے جاری ہونے کے اندیشوں کے باوجود صدر جان ایف. کینیڈی نے پہلی بار ۱۹۶۱ میں ایک ایسی پریس کانفرنس کی جو راست ٹیلی ویژن پر دکھائی گئی۔ انہیں مثبت عوامی ردعمل ملا۔ نومبر ۱۹۶۳ میں قتل کئے جانے تک کینیڈی نے ۶۴ نیوز کانفرنسیں کی تھیں، یعنی ہر ۱۶ دن پر اوسطاً ایک نیوز کانفرنس۔

۱۶۔ وہ کون سے صدر تھے جنھوں نے شادی نہیں کی؟

جیمس بیوکانن واحد صدر ہیں جنہوں نے شادی نہیں کی۔ ان کا دور اقتدار ۱۸۵۷ سے ۱۸۶۱ تک تھا۔ ان کے دور میں ان کی بھانجی ہیریٹ لین اہتمام اور توازن کے ساتھ صدارتی اجتماعات کی میزبانی کیلئے انتہائی مقبول ہوئیں۔ وہ خواتین اول میں اپنی مثال آپ ہیں۔

۱۷۔ کس صدر کے ۱۴ بچے تھے؟

صدر جان ٹیلر اپنے پیش رو ولیم ہنری ہیریسن کی موت کے بعد ترقی دے کر صدر بنائے جانے والے پہلے نائب صدر تھے۔ ان کی پہلی بیوی دو سال تک بیمار تھیں۔ ۱۸۴۱ میں وہ خلاف توقع صدر بن گئے۔ پہلی بیوی کی موت کے بعد جان ٹیلر نے عمر میں اپنے سے ۳۰ سال چھوٹی ایک عورت سے شادی کی۔ ان کی پہلی بیوی کی موت وہائٹ ہاؤس میں کسی خاتون اول کی پہلی موت ہے۔ ٹائلر نے صدر کے عہدے پر رہتے ہوئے شادی کی۔ دونوں بیویوں سے ان کے ۱۴ بچے ہوئے۔

۱۸۔ بارک اوباما' امریکہ کے ۴۴ ویں صدر ہونے کے باوجود صرف ۴۳ ویں فرد کیوں ہیں؟

صرف ۴۳ لوگ الیکشن جیت کر یا نائب صدر کے عہدہ سے ترقی حاصل کر کے صدر بنے۔ گروور کلیو لینڈ کا انتخاب دو بار ہوا۔ وہ امریکہ کے ۲۲ ویں اور ۲۴ ویں صدر بنے۔ ان کی دونوں میعادوں کے بیچ بنجامن ہیریسن کا دور صدارت ہے۔ ہیریسن ۲۳ ویں صدر تھے۔